# THE FARAN MODEL HIGH SCHOOL & COLLEGE (Regd.)

Yaqoob Plaza, B-1 Nangi, Mirpur A.K Ph.#: 443260

## Application For Admission

To be filled in the Parents / Guardians

Paste Photo Here

## CANDIDATE'S PARTICULARS

1. Name in Full: ______________________ ______________________ :نام

   (Block Capital Letters)

2. Father's Name: ______________________ ______________________ :والد کا نام

   Block Capital Letters)

3. Date of Birth: (in figures) __________ (in words) ______________________

4. Religion: __________ 5. Permanent District: __________ 6. Class last attended / Passed: __________

7. Name & Status of the school / college last attended: ______________________

8. Class to which admission required: __________ 9. Medium English Urdu

10. Group: S.S.C. i) Science ii) Computer Science iii)

    H.S.S.C. i) Pre Eng. ii) Pre Med. iii) G. Science (ICS)

    iv) I.Com v) Humanities

11. Subjects: (i) __________ ii) __________ iii) __________ iv) __________

| Result | Year | Roll No. | Marks Obt. | Max. Marks | Grade | Board |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Primary | | | | | | |
| Middle | | | | | | |
| S.S.C. | | | | | | |
| 1st Year | | | | | | |

13. Permanent Address: H/No. ______________________ Sector/Village __________

    P.O. __________ Tehsil ______________________ Distt. __________

______________________________________________ :مستقل پتہ

14. Permanent Address: H/No. ______________________ Sector/Village __________

    P.O. __________ Tehsil ______________________ Distt. __________

______________________________________________ :موجودہ پتہ

15. Tel: (Res) __________ (Off) __________ Mob: __________

### FOR OFFICE USE ONLY

Admission No: __________ Admitted in Class: __________ Date: __________

Signature of Principal: __________

# فاران ماڈل ہائی اسکول اینڈ کالج (رجسٹرڈ)

یعقوب پلازہ، بی ون نانگی میرپور آزاد کشمیر فون 05827-443260

۱۔ کالج کو اختیار حاصل ہے کہ وہ تعلیمی یا انتظامی معاملات میں کسی قسم کی تبدیلی بدون پیشگی اطلاع کر سکتا ہے۔

۲۔ کالج کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی بھی درخواست کو منسوخ کرے یا کسی بھی طالب علم کو بوجہ یا وجہ بتائے بغیر ادارہ سے فارغ کر دے۔

۳۔ تعلیمی اور انضباطی نبیاد پر ادارہ سے فارغ کرنے کیلئے درج ذیل پالیسی ہوگی۔

## تعلیمی بنیاد پر:

۱۔ سالانہ امتحان میں فیل ہونے پر

۲۔ مسلسل دو داخلی امتحانات میں فیل ہونے پر۔

۳۔ غیر تسلی بخش کارکردگی دکھانے پر

۴۔ بورڈ امتحان سے پہلے بغیر اجازت کلاسز چھوڑ دینے پر۔

## انضباطی بنیاد پر:

۱۔ غیر اخلاقی رویہ اپنانے پر۔

۲۔ بدون پیشگی رخصت غیر حاضری پر۔

۳۔ معمول کی سرگرمیوں میں بے قاعدگی پر۔

۴۔ ناپسندیدہ حرکات (سگریٹ نوشی، چوری، جھگڑا، گالی گلوچ، بداخلاقی وغیرہ کرنے پر

۴۔ سربراہ ادارہ کی اجازت کے بغیر کوئی طالب علم اپنے کسی دوست یا رشتہ دار کو کالج میں آنے کی دعوت نہیں دے گا۔

۵۔ تمام واجبات بذریعہ بینک چالان ادارہ کے اکاؤنٹ میں جمع کروائے جائیں گے۔ دستی فیس جمع کروانے کی اجازت نہ ہوگی اور نہ ہی چیک، ڈرافٹس اور اس قسم کی دوسری اشیاء قابل قبول ہوں گی۔

۶۔ مقررہ تاریخ کے بعد فیس جمع کراونے پر -/200 روپے ماہوار جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ نیز فیس پورے تعلیمی سیشن (12 ماہ) کی وصول کی جائے گی۔ تعلیمی سیشن کا شیڈول درج ذیل ہوگا۔ ☆مڈل کلاسز (اپریل تا مارچ) ☆ہائی کلاسز (مئی تا اپریل) ☆انٹر کلاسز (اگست تا جولائی)

۷۔ فیس میں بغیر پیشگی نوٹس کسی بھی قسم کی ترمیم ہو سکتی ہے۔

۸۔ فیس اور دیگر واجبات ناقابل واپسی ہوں گے۔

۹۔ طالب علم کے کالج/اسکول سے مسلسل غیر حاضر رہنے کی صورت میں بھی فیس مقررہ تاریخ تک لازماً جمع کروانا ہوگی۔

۱۰۔ اگر کوئی طالب علم سکول/ کالج چھوڑنا چاہتا ہے تو اسے ایک پیشگی درخواست دینی ہوگی بصورت دیگر سرٹیفیکیٹ کے اجراء تک کے ماہ کی فیس وصول کرنے کے بعد ہی سرٹیفیکیٹ جاری کیا جائے گا۔ سرٹیفیکیٹ فیس مبلغ -/500 روپے ہوگی۔

۱۱۔ شکایات صرف سربراہ ادارہ سے کی جا سکتی ہے نہ کہ کسی سٹاف ممبر سے۔

۱۲۔ ادارہ کسی بھی صورت میں طلبہ وطالبات کی کتابوں، دیگر سامان یا نقدی اور قیمتی اشیاء کے کھو جانے پر ذمہ دار نہ ہوگا۔ لہذا والدین اپنے بچوں کو قیمتی اشیاء دے کر اسکول/ کالج روانہ نہ کریں۔ تاہم چوری کے خلاف اور کھوئی ہوئی اشیاء کو حق دار تک پہنچانے کی حتی المقدور کوشش کی جائے گی۔

۱۳۔ ادارہ کی طرف سے تعلیمی اور تفریح دورہ جات کیلئے والدین سے تحریری طور پر اجازت لی جاتی ہے۔ طلبہ وطالبات اپنی طرف سے کوئی دورہ کریں تو ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

۱۴۔ ادارہ میں کسی قسم کی فرقہ وارانہ سرگرمی کی اجازت نہ دی جائے گی۔

۱۵۔ ادارہ سے 10 دن یا اس سے زیادہ غیر حاضر رہنے کی صورت میں طالب علم کو ادارہ سے خارج کر دیا جائے گا۔ دوبارہ داخلہ کیلئے داخلہ فیس دوبارہ ادا کرنا ہوگی۔

۱۶۔ موبائل فون ادارہ میں لانے کی اجازت نہ ہوگی۔ اگر ادارہ میں کسی بھی طالب علم سے موبائل فون برآمد ہوا تو اسے ضبط کر لیا جائے گا اور طالب علم کو یا تو ادارہ سے نکال دیا جائے گا یا پھر -/1000 روپے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

۱۷۔ تمام طلبہ پر وقت کی پابندی لازمی ہوگی۔

۱۸۔ کسی کو دیر سے آنے کی اجازت نہ ہوگی۔ ہر طالب علم کیلئے ضروری ہے کہ وہ گھنٹی بجنے سے 5 منٹ قبل ادارہ میں پہنچے۔

۱۹۔ جونیئر اور سینئر کیمپس کے مین گیٹس کو پک اینڈ ڈراپ کیلئے استعمال کیا جائے گا۔سیکشنز کا کوئی اور گیٹ استعمال کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔

۲۰۔ چھٹی کیلئے پیشگی درخواست دینا ہوگی۔بیماری اور ایمرجنسی کی صورت میں فون کال کے ذریعے مطلع کرنا ہوگا۔بصورت دیگر-/100 روپے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

۲۱۔ کوئی بھی طالب علم سربراہ ادارہ کی اجازت کے بغیر کالج کی حدود کو عبور نہیں کرے گا۔

۲۲۔ اگر والدین اساتذہ سے ملنا چاہیں یا کسی مسئلہ پر بات کرنا چاہیں تو سربراہ ادارہ اس کا انتظام کرے گا والدین کو کلاس روم میں جانے کی اجازت نہ ہوگی۔

۲۳۔ لائبریری کی کتب مقررہ وقت تک لائبریری انچارج کو واپس کرنا ہوگی۔کتاب پھاڑنے پر آدھی اور گم ہونے پر کی صورت میں کتاب کی پوری قیمت کا 3 گنا وصول کیا جائے گا۔

۲۴۔ ادارہ میں جسمانی سزا نہیں دی جاتی لیکن بعض ناگزیر حالات میں سزا دی جاسکتی ہے۔اس ضمن میں والدین کو کسی قسم کی قانونی چارہ جوئی کا حق حاصل نہیں ہوگا۔

۲۵۔ ادارہ کے اوقات کار کے بعد اور تفریح دورہ جات کے دوران انتظامیہ کسی بھی حادثے کی ذمہ دار نہ ہوگی۔انتظامیہ صرف کالج اوقات کار میں کالج کی حدود میں طلبہ کی حفاظت کی ذمہ دار ہوگی۔

۲۶۔ والدین اپنے بچوں کی بالخصوص بچیوں کو بروقت ادارہ میں پہنچانے اور واپس لے جانے کے ذمہ دار ہوں گے اور اس معاملہ میں کسی بھی قسم کی بے پرواہی قابل قبول نہ ہوگی۔

۲۷۔ جملہ امتحانات کے پرچہ جات میں حاضری لازمی ہوگی بصورت دیگر-/250 روپے فی پرچہ جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

۲۸۔ عارضی پتہ یا فون نمبر تبدیل ہونے کی صورت میں انتظامیہ کو اس سے مطلع کرنا والدین کی ذمہ داری ہوگی بصورت دیگر کسی بھی قسم کے نقصان کی تمام تر ذمہ داری والدین پر عائد ہوگی۔

۲۹۔ والدین انتظامیہ یا اساتذہ سے گھر پر رابطہ نہیں کرسکتے صرف کالج اوقات کار میں رابطہ کیا جائے۔

۳۰۔ کسی وبائی یا مہلک مرض میں مبتلا طالب علم کو کلاس میں بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی۔

۳۱۔ ادارہ میں طالب علم کی طرف سے سالگرہ یا دیگر کوئی تقریب منعقد کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔

۳۲۔ والدین اپنے بچوں کو کالج بھیجنے سے قبل بچوں کے بیگ میں تمام تعلیمی ضروریات کی اشیاء چیک کریں۔

۳۳۔ ظاہری وضع قطع کو درست رکھنے کیلئے درج ذیل امور کا خیال رکھا جائے۔

۱۔ طالبات کسی بھی قسم کا میک اپ کر کے ادارہ میں نہ آئیں۔

۲۔ طلبہ کے بال چھوٹے اور کنگھی شدہ ہوں۔جبکہ طالبات کے بال کنگھی شدہ اور چٹیا ہوئی ہو۔

۳۔ یونیفارم دھلی ہوئی اور استری شدہ ہو، جوتے پالش ہوں۔دانت صاف ہوں اور ناخن تراشے ہوئے ہوں۔

۴۔ ادارہ میں صرف سکول شوز سیاہ پہننے کی اجازت ہوگی۔

۵۔ طلبہ سیاہ رنگ کی سادہ بیلٹ استعمال کریں نہ کہ زیبائشی بکل شدہ۔

۶۔ طلبہ و طالبات کو رنگین عینکیں، زیورات کی مانند انگوٹھیاں، چوڑیاں کڑے اور زنجیریں پہننے کی اجازت نہیں ہوگی۔

۳۴۔ ادارہ کی جائیداد فرنیچر، دیواریں، کھڑکیاں، دروازے، وائٹ بورڈ، اور دیگر سامان کو نقصان پہنچانے کی صورت میں متعلقہ ذمہ دار کو تلافی کرنا ہوگی۔

۳۵۔ کسی بھی طالب علم کو CD، آڈیو ویڈیو کیسٹس، گیمز، میوزک پلیئر، موبائل فون، کتابیں، میگزین یا کسی بھی قسم کی چیز یا تحفہ کو جو پڑھائی سے متعلق نہ ہو ادارہ میں لانے اور باہمی تبادلہ کی اجازت نہ ہوگی۔

۳۶۔ موجودہ قوانین اور ادارہ کی طرف سے مختلف اوقات میں لاگو ہونیوالے قواعد وضوابط کی پابندی ہر طالب علم پر لازمی ہوگی۔

۳۷۔ طلبہ کا رویہ انتظامیہ، اساتذہ اور دوسرے طلبہ کیلئے مثالی ہونا چاہیے۔

۳۸۔ طلبہ کی کارکردگی اور ماہانہ رپورٹ سے باخبر رہنا والدین کی ذمہ داری ہوگی والدین کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ہر ماہ کی 15 تاریخ سے قبل ادارہ میں آ کر طلبہ کی کارکردگی کا جائزہ لیں۔

۳۹۔ بغیر یونیفارم کلاس میں بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی۔ نامکمل یونیفارم پر -/20 روپے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

۴۰۔ ایسے طلبہ وطالبات جو ادارہ کے داخلی امتحانات میں 33% نمبرات یا کم سے کم E گریڈ حاصل کریں گے۔ بورڈ کے امتحان میں بحیثیت ریگولر امیدوار شامل ہونے کے اہل ہوں گے۔

۴۱۔ بورڈ امتحان میں ایک سے زائد مضامین میں فیل ہونے والے طالب علم/طالبہ کو یا تو ادارہ سے خارج کر دیا جائے گا یا پھر اسی جماعت میں دوبارہ داخلہ دیا جائے گا۔

۴۲۔ ادارہ کے داخلی امتحانات سے غیر حاضر رہنے پر، فیل ہونے پر یا F گریڈ بننے پر طالب علم/طالبہ کا داخلہ بورڈ قواعد وضوابط کے مطابق تعلیمی بورڈ میں نہیں بھیجا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری مذکورہ طالب علم/طالبہ پر عائد ہوگی۔

۴۳۔ موسم سرما، گرما اور عید کی تعطیلات کے فوراً بعد غیر حاضر رہنے والے طلبہ سے -/100 روپے یومیہ جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

۴۴۔ پرائیویٹ طلبہ وطالبات کو ادارہ میں بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی۔

۴۵۔ والدین کی تصدیق کے بغیر رخصت کی درخواست منظور نہ ہوگی۔

۴۶۔ پری بورڈ امتحان میں حاضری لازمی ہوگی بصورت دیگر بورڈ امتحان کیلئے رول نمبر سلپ جاری نہ کی جائے گی۔

۴۷۔ کالج کی فیس چار اقساط میں میں وصول کی جائے گی۔ ماہوار فیس وصول نہ کی جائے گی۔

۴۸۔ طالبعلم/طالبہ کو ماہوار فیس کے علاوہ سالانہ فنڈز ادا کرنے ہوں گے۔ جس کی تفصیل پراسپیکٹس میں درج ہے۔ سالانہ فنڈز میں بغیر پیشگی نوٹس ترمیم کی جاسکتی ہے۔

۴۹۔ بورڈ رجسٹریشن اور داخلہ فیس بورڈ سے جاری شدہ شیڈول کے مطابق علیحدہ سے وصول کی جائے گی۔

۵۰۔ سیشن کے تمام واجبات ادا کیے بغیر بورڈ امتحانات کیلئے رول نمبر سلپ جاری نہیں کی جائے گی۔

۵۱۔ دو مسلسل ماہ کی فیس جمع نہ ہونے کی صورت میں طالب علم/طالبہ کا نام ادارہ سے خارج کر دیا جائے گا۔ دوبارہ داخلہ کی صورت میں داخلہ فیس دوبارہ ادا کرنا ہوگی۔

## والدین/سرپرست کی طرف سے بیان حلفی

میں صدق دل سے اس امر کی تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے درج بالا قواعد وضوابط کا بغور مطالعہ کر لیا ہے اور انہیں تسلیم کرتا ہوں اور یہ کہ جملہ قواعد وضوابط کی پابندی کروں گا کسی بھی قسم کی خلاف ورزی کرنے پر ادارہ کو انضباطی کاروائی کا حق حاصل ہوگا۔

نام والد/سرپرست ____________ شناختی کارڈ نمبر | | | | | | | | | | | | | | |

طالب علم/طالبہ سے رشتہ ____________

پتہ ____________________________

فون نمبر ____________

دستخط طالب علم ____________

دستخط والد/سرپرست ____________ دستخط پرنسپل ____________